تلنگانہ کی ترقی میں مرکز کا تعاون

وزیراعظم نریندر مودی کاکتیہ میگا ٹیکسٹائل پارک کا کریں گے آغاز افتتاح

حیدرآباد۔2رمئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی) مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ کی ترقی پرخصوصی توجہ دے رہی ہے۔انہوں نے میڈیا کو بتایا کہ وزیر اعظم نریندرمودی 10 مئی کوتلنگانہ کا دورہ کریں گے۔ چونکہ مودی تیسری بار وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد پہلی بار تلنگانہ کادورہ کریں گے،اس دورے سے سیاسی اورانتظامی طور پرکافی توقعات وابستہ ہیں۔تلنگانہ کے شہرورنگل میں قائم کیے گئے باوقار کاکتیہ میگاٹیکسٹائل پارک کے افتتاح کی تاریخ طے ہوگئی ہے۔وزیراعظم نریندرمودی اس منصوبے کاافتتاح 10 مئی کوحیدرآباد سے ورچوئل طور پر کرینگے۔اس بات کی اطلاع مرکزی وزیر برائے کوئلہ ومعدنیات جی کشن ریڈی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس کے ذریعے دی۔مرکزی وزیر کے مطابق،اس پارک کو عالمی معیار کے مربوط ٹیکسٹائل حب کے طور پر تیار کیا گیا ہے،جس سے ٹیکسٹائل پیداوار، روزگار اور برآمدات میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ یہ منصوبہ مرکزی حکومت کے 5F وژن (فارم ٹو فائبر، فائبر ٹو فیکٹری، فیکٹری ٹو فیشن، فیشن ٹو فارن) کے تحت تیار کیا گیا ہے۔تقریبا 1,327 ایکڑ اراضی پر قائم یہ پارک ملک کے بڑے ٹیکسٹائل پارکس میں شمار ہوگا۔ اس منصوبے کی لاگت تقریبا 1,695.54 کروڑ روپے ہے، جبکہ 6,000 کروڑ روپے سے زائد سرمایہ کاری متوقع ہے۔اب تک 3,800 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری طے پا چکی ہے اور پارک کے 62 فیصد رقبے کو اینکر سرمایہ کاروں کے لیے مختص کیا گیا ہے۔منصوبے کے مکمل فعال ہونے کے بعد 24,400 سے زائد افراد کو براہ راست روزگار ملنے کی توقع ہے، جبکہ اب تک تقریبا 2,000 نوکریاں پیدا ہو چکی ہیں۔ بنیادی ڈھانچے کے تحت اندرونی سڑکیں اور اسٹریٹ لائٹس مکمل ہو چکی ہیں، جبکہ 232 کے وی پاور سب اسٹیشن، 12 ایم ایل ڈی پانی کی فراہمی کا نظام اور سی ای ٹی پی کے کام آخری مراحل میں ہیں۔واضح رہے کہ مرکزی حکومت نے ملک بھر میں سات مقامات پر پی ایم مِترا ٹیکسٹائل پارکس قائم کرنے کا منصوبہ بنایا ہے، جن میں تلنگانہ کے ورنگل کے علاوہ تمل ناڈو، گجرات، کرناٹک، مدھیہ پردیش، اتر پردیش اور مہاراشٹر شامل ہیں۔مرکزی وزیرکشن ریڈی نے کہا کہ مرکزی حکومت تلنگانہ کی ترقی کیلئے اقدامات کررہی ہے۔انھوں نے بتایا کہ حیدرآباد سے یادگیری گٹہ تک ایم ایم ٹی ایس کا کام شروع ہو چکا ہے۔انہوں نے یہ بھی انکشاف کیا کہ ملوگو میں قائم کیے جانے والے سمّاکا-سراکا سنٹرل ٹرائبل یونیورسٹی کیمپس کا تعمیراتی کام بھی جلد مکمل کرلیا جائے گا۔دریں اثنا وزیراعظم کے دورہ حیدرآباد کے دوران پریڈگراؤنڈ میں ایک بہت بڑے جلسہ عام کے انتظامات کئے جا رہے ہیں۔ریاستی بی جے پی قیادت میٹنگ میں 3 لاکھ لوگوں کوراغب کرنے کی امید کررہی ہے۔

حکومت کی آنکھیں اورکان ہی وِپس ہیں

حکومتی وِپس کے ساتھ اجلاس میں وزیراعلی ریونت ریڈی

حیدرآباد۔2رمئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی)وزیراعلی ریونت ریڈی نے کہا کہ حکومت کی آنکھیں اورکان وِپس ہی ہوتے ہیں۔ ہفتہ کے روزایم سی آر ایچ آر ڈی میں انہوں نے اسمبلی اور قانون ساز کونسل کے وِپس کے ساتھ اجلاس منعقد کیا۔اس موقع پر وِپس نے ریاست میں عوامی مسائل کو وزیرِ اعلی کی توجہ میں لایا۔گرمی کے موسم کے پیشِ نظرحلقوں میں پینے کے پانی اور آبپاشی کی ضروریات کے لیے اٹھائے جانے والے اقدامات، نیز دھان (چاول) کی خریداری کی پیش رفت کے بارے میں وزیرِ اعلی کو آگاہ کیا گیا۔ وزیرِ اعلی نے ہدایت دی کہ دھان کی خریداری کے عمل کو مزید تیز کیا جائے اور مسائل کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔انہوں نے وِپس کو ہدایت دی کہ وہ ہمیشہ عوام کے درمیان رہتے ہوئے ان کے مسائل حل کریں۔مسائل کے فوری حل کے لیے مقامی ضلعی انتظامیہ کو مستعد رکھنے کا بھی مشورہ دیا۔وزیر اعلی نے کہا کہ حکومتی فلاحی اسکیموں کو نچلی سطح تک مؤثر طریقے سے پہنچایا جائے اورعوام میں یہ اعتماد پیدا کیا جائے کہ حکومت ان کے مسائل کو فوری حل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسکیموں کوعوام تک پہنچانے کے لیے ذرائع ابلاغ کا بھرپور استعمال کیا جائے۔انہوں نے وِپس کو ہدایت دی کہ عوامی مسائل کوحل کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بروقت ان کی توجہ میں بھی لاتے رہیں۔ وِپس کے ساتھ بہتر تال میل اور عوامی مسائل سے آگاہی کے لیے انہوں نے اعلان کیا کہ وہ ہفتے میں ایک دن وِپس کے لیے دستیاب رہیں گے۔اس اجلاس میں پارٹی کے رکنِ پارلیمنٹ ویم نریندر ریڈی، قانون ساز کونسل کے چیف وِپ پٹنم مہندر ریڈی، اور دیگر وِپس آدی سرینواس، بیرلا ایلیا، نیم سرینواس ریڈی، وجیہ رمنارا، رام چندرونائک، ویمولا وریشم، اڈنکی دیاکر اور بالمور وینکٹ نے شرکت کی۔

4 فیصد ریزرویشن کا کمال! اقلیتی طلبہ نے ریاستی رینک میں لہرایا پرچم: محمد علی شبیر

حیدرآباد۔2رمئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی)تلنگانہ حکومت کے مشیر محمد علی شبیر نے کاماریڈی میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی سی-ای زمرہ کے تحت غریب مسلمانوں کو دیا جانے والا 4 فیصد تحفظات تعلیمی میدان میں نمایاں پیش رفت کا سبب بن رہا ہے۔کلا بھارتی آڈیٹوریم میں ریاستی رینک حاصل کرنے والے طلبہ کی تہنیتی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کرتے ہوئے انہوں نے سندپنی جونیئر کالج کے نمایاں طلبہ کونقد انعامات سے نوازا۔ اس موقع پر اسما جبین نے بی پی سی سیکنڈ ایئر میں دوسرا،ستویکا نے ایم پی سی سیکنڈ ایئر میں تیسرا، کے اکشیا نے ایم پی سی فرسٹ ایئر میں دوسرا اور عائشہ صدیقہ نے بی پی سی فرسٹ ایئر میں چوتھا مقام حاصل کیا۔شبیر علی نے کہا کہ طالبات تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرکے نئی مثال قائم کر رہی ہیں، خاص طور پر دیہی اور معاشی طور پر کمزور طبقات سے تعلق رکھنے والی طالبات کی کامیابی قابلِ ستائش ہے۔انہوں نے کہا کہ بی سی-ای پالیسی نے اقلیتی طلبہ کے لیے معیاری تعلیم کے دروازے کھولے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ان کامیابیوں سے کاماریڈی ضلع کا نام روشن ہوا ہے اور یہ ثابت ہوتا ہے کہ محنت، رہنمائی اور مواقع ملنے پر طلبہ بلند مقام حاصل کر سکتے ہیں۔انہوں نے والدین اور اساتذہ کے کردار کی بھی ستائش کی اور طلبہ کو مزید محنت کے ساتھ آگے بڑھنے کی تلقین کی۔ساتھ ہی انہوں نے کانگریس حکومت کے تعلیم کے شعبہ کو مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بھارت دنیا کی دوسری بڑی شمسی توانائی مارکیٹ بن گیا۔گرین انرجی میں تیزی

نئی دہلی۔2 مئی (ایم این این)ماہرین کے مطابق بھارت نے قابلِ تجدید توانائی کے شعبے میں نمایاں پیش رفت کرتے ہوئے دنیا کی دوسری بڑی شمسی توانائی مارکیٹ کے طور پر اپنی پوزیشن مستحکم کر لی ہے، جو ملک میں گرین انرجی کے تیزی سے بڑھتے رجحان کی عکاسی کرتی ہے۔ رپورٹس کے مطابق بھارت میں شمسی توانائی کی تنصیب کی رفتار میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے، جہاں حالیہ برسوں میں ریکارڈ سطح پر نئی صلاحیت شامل کی گئی ہے۔ اندازوں کے مطابق ملک تیزی سے سالانہ بنیاد پر 50 گیگاواٹ کے قریب شمسی صلاحیت کا اضافہ کر رہا ہے، جو اسے عالمی سطح پر سرِ فہرست ممالک میں شامل کر رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ حکومتی پالیسیوں، سبسڈی اسکیموں اور بڑھتی ہوئی توانائی کی طلب نے اس ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ خاص طور پر پی ایم سوریہ گھر اور دیگر پروگرامز نے گھریلو اور صنعتی سطح پر شمسی توانائی کے استعمال کو فروغ دیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق بھارت نے صرف چند برسوں میں اپنی شمسی صلاحیت کو تیزی سے بڑھاتے ہوئے تقریبا 150 گیگاواٹ کی سطح تک پہنچا دیا ہے، جبکہ 2030 تک اسے 280 سے 300 گیگاواٹ تک لے جانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ عالمی سطح پر چین اس وقت سب سے بڑی شمسی مارکیٹ ہے، تاہم بھارت کی تیز رفتار ترقی نے اسے امریکہ سمیت کئی بڑی معیشتوں سے آگے نکال دیا ہے۔



عازمین حج کو ہر قسم کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔مولانا خسرو پاشاہ کو چیف منسٹر کی ہدایت

کیمپ 2026ء عازمین حج کو انتظامات میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائیگی عازمین کو کس قسم کی کوئی تکلیف ہو

حیدآباد 2 مئی (سفیر نیوزر صدائے حسینی) عازمین کو ہر قسم کی سہولتیں فراہم کی جائیں۔ حج کیمپ 2026ء کے انتظامات میں کسی قسم کی کوئی کسر نہ چھوڑی جائے۔مسٹر اے۔ ریوینت ریڈی چیف منسٹر تلنگانہ نے مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدرنشین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کو ہدایت کہ وہ عازمین حج کو ہر قسم کی سہولتیں پہونچائیں۔ان خیالات کا اظہار مولانا سید شاہ غلام افضل بیابانی خسرو پاشاہ صدرنشین حج کمیٹی تلنگانہ نے ہفتہ 2 مئی کو حج ہاؤز میں ایک پر ہجوم پریس کانفرنس کومخاطب کرتے ہوئے کہا ۔اُنہوں نے عازمین حج کو تاکید کی کہ وہ مقدس سفرحج میں زیادہ تروقت عبادتوں میں گزاریں ۔فضول کی باتوں سے اجتناب کریں ہرگز تصاویر نہ لیں اور ویڈیوز نہ بنائیں۔مولانا خسرو پاشانے کہا کہ محمد اظہر الدین وزیر اقلیتی بہبود حکومت تلنگانہ کی سرپرست و رہنمائی میں حج کیمپ 2026 کا مہابی سے ہمکنار ہوگا۔اُنہوں نے عازمین حج کے ہوائی سفر میں دس 10 ہزار کا کرایہ بڑھادیا گیا۔تو اُنہوں نے کہا کہ مشرق میں وسطہ میں ڈیزل وپٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کی وجہہ سے رقم میں اضافہ ہوا ہے۔اُنہوں نے کہا کہ اضافی رقم کو واپس لینے کیلئے حکومت ہند سے نمائندگی کی۔چیف منسٹر اے۔ ریوینت ریڈی نے مرکزی حکومت سے ایک مکتوب کے زریعہ 10 ہزار کی اضافی رقم کو واپس لینے کا مطالبہ کیا۔مولانا خسرو پاشاہ نے کہا کہ حج کمیٹی آنڈیا کی جانب سے اسمارٹ واچ دی جارہیں ۔وہ عازمین حج کی رہنمائی کریگی۔مولانا خسرو پاشاہ نے کیا کے حج ایک مشقت ہے۔اسمیں تکالیف ومصیبتیں پیش آئینگی ۔عازمین صبر سے کام لیں اور مناسک حج کو نہایت خشوع خضوع سے ادا کریں۔اُنہوں نے کہا کہ عازمین حج کو حج ہاؤز سے تمام تر تیاریوں کے بعد ائیر کنڈیشن بسوں کے زریعہ ائیرپورٹ کو روانہ کیا جائیگا۔جسمیں عازمین کے ساتھ 40 کیلو وزنی دو بیاگس اور سات کیلووزنی ہاہنڈ بیاگ رہیگا ۔مولانا خسرو پاشاہ نے مزید کہا کہ عازمین حج کی روانگی کا سلسلہ 4 مئی سے شروع ہوگا۔اور آخری قافلہ 21 مئی کو روانہ ہوگا۔فی طیارہ میں 430 عازمین حج کی گنجائش رہیگی۔ائیرپورٹ شمس آباد کیلئے روانہ ہونگ۔ پریس کانفرنس میں مولانا خسرو پاشاہ نے اخباری نمائندوں کے مختلف سولات کا تشفی بخش دیا۔اس موقع پر جناب محمد مجیب الدین ،محمد لئیق ڈاکٹر سید اظہر علی اراکین تلنگانہ اسٹیٹ حج کمیٹی کے علاوہ عرفان شریف اے ای اوحج کمیٹی موجود تھے۔

وزیراعظم نریندر مودی کا اگلے ماہ چار یورپی ممالک کا دورہ

نئی دہلی۔ 2 مئی (ایم این این) وزیراعظم شری نریندر مودی اگلے ماہ چار یورپی ممالک کے دورے پر روانہ ہوں گے، جہاں توانائی سکیورٹی، تجارتی استحکام اور اسٹریٹجک تعاون اہم ایجنڈا ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق یہ دورہ 15 سے 20 مئی کے درمیان متوقع ہے، جس میں نیدرلینڈز، سویڈن، ناروے اور اٹلی شامل ہیں۔ اس دوران وزیراعظم ناروے میں منعقد ہونے والے انڈیا نارڈک سمٹ میں بھی شرکت کریں گے اور یورپی رہنماوں کے ساتھ دو طرفہ ملاقاتیں کریں گے۔ رپورٹس کے مطابق اس دورے کا بنیادی مقصد مغربی ایشیا میں جاری کشیدگی کے باعث پیدا ہونے والی توانائی سپلائی میں رکاوٹوں سے نمٹنا اور توانائی کے مستحکم ذرائع کو یقینی بنانا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تجارتی روابط، اہم ٹیکنالوجیز اور گرین انرجی تعاون کو بھی فروغ دیا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ وزیراعظم مختلف یورپی ممالک کے ساتھ مائع قدرتی گیس، قابلِ تجدید توانائی اور طویل مدتی توانائی شراکت داری پر بات چیت کرینگے تاکہ عالمی منڈی میں غیر یقینی صورتحال کے باوجود بھارت کی توانائی ضروریات کو محفوظ بنایا جاسکے۔

گرمی کی شدت تلنگانہ میں 2 افراد ہلاک

حیدرآباد۔2رمئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی) شدید گرمی اور لو لگنے (ہیٹ اسٹروک) کے باعث ریاست تلنگانہ کریم نگر اور رنگا ریڈی اضلاع میں دو افراد ہلاک ہوگئے۔ کریم نگر ضلع کے جمی کنٹہ منڈل کے آبادی جمی کنٹہ سے تعلق رکھنے والے 60 سالہ کسان بی سمیا صبح کے وقت کھیت کے کام کے لیے گئے تھے۔ اہل خانہ کے مطابق شدید دھوپ میں کام کرنے کے بعد وہ دوپہر کے وقت گھر واپس آئے تو اچانک طبیعت خراب ہوگئی۔ انہیں فوری طور پر مقامی سرکاری اسپتال لے جایا گیا جہاں ڈاکٹروں نے انہیں مردہ قرار دے دیا۔دوسرے واقعہ میں رنگا ریڈی ضلع کے چیوڑلہ پولیس اسٹیشن حدود کے جالہ گوڑہ گاوں کے 55 سالہ وینکٹیا پیشے کے لحاظ سے مزدور تھے۔ وہ گزشتہ ماہ 28 تاریخ کو کام کے لیے گھر سے گئے تھے مگر واپس نہیں لوٹے۔

چیف آف دی نیول اسٹاف کا میانمار کا دورہ

نئی دہلی۔ 2 مئی (ایم این این) چیف آف دی نیول اسٹافایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی، 02 سے 05 مئی 2026 تک میانمار کے چار روزہ سرکاری دورے پر ہیں۔دورے کے دوران، سی این ایس میانمار کی مسلح افواج کے کمانڈر انچیف جنرل یی ون او، میانمار کے وزیر دفاع جنرل یوہٹن آنگ اور میانمار کی بحریہ کے کمانڈر انچیف ایڈمرل ہٹین ون اور میانمار کی مسلح افواج کے دیگر اعلی حکام کے ساتھ دوطرفہ بات چیت میں حصہ لے گا۔ یہ بات چیت جاری دوطرفہ بحری تعاون کا جائزہ لینے، آپریشنل سطح کے روابط کو بڑھانے اور دونوں بحری افواج کے درمیان تعاون کی نئی راہیں تلاش کرنے کا موقع فراہم کرے گی۔اس دورے میں میانمار نیوی کی سنٹرل نیول کمانڈ، نیول ٹریننگ کمانڈ اور نمبر 1 فلیٹ میں مصروفیات اور میانمار کی مسلح افواج کے فالن ہیروز کی جنگی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھانا شامل ہے۔ یہ مصروفیات دفاعی تعاون کے وسیع سلسلے کا احاطہ کریں گی، خاص طور پر میری ٹائم سیکیورٹی، صلاحیت کی تعمیر، صلاحیتوں میں اضافہ اور تربیت پر توجہ دی جائے گی۔ ہندوستانی بحریہ میانمار کی بحریہ کے ساتھ دفاعی تعاون کی میٹنگ، عملے کی بات چیت، تربیتی تبادلوں اور آپریشنل تعاملات بشمول ہندوستان -میانمار بحری مشق ، ہند-میانمار کوآرڈینیٹڈ پٹرول ، بندرگاہوں کے دورے اور ہائیڈروگرافی سروے کے ذریعے باقاعدگی سے بات چیت کرتی ہے۔اس کے علاوہ، دونوں بحریہ باقاعدگی سے تربیتی تبادلے کو آگے بڑھاتی ہیں، کثیر جہتی فورمز میں مشغول ہوتی ہیں اور صلاحیتوں میں اضافے کے لیے تعاون کرتی ہیں۔ میانمار نے ہندوستانی بحریہ کے ذریعہ منعقدہ تمام حالیہ تقریبات میں حصہ لیا ہے جیسے انڈین اوشین نیول سمپوزیم، میلان، بین الاقوامی فلیٹ ریویو، گوا میری ٹائم کانکلیو / سمپوزیم، آئی او ایس ساگر اور ایڈمرل کپ۔بحریہ کے سربراہ کا دورہ ہندوستان۔

یوگا نہ صرف ہندوستان کا قدیم ورثہ ہے بلکہ انسانیت کیلئے ایک انمول تحفہ: کشن ریڈی

حیدرآباد۔۔2رمئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی) حیدرآباد، موتیوں کے شہر نے یوگا کے ایک شاندار جشن کا مشاہدہ کیا کیونکہ ہزاروں پرجوش یوگا مہوتسو کے لیے جمع ہوئے، جو کہ یوگا کے بین الاقوامی دن 2026 کی 50 روزہ الٹی گنتی کے موقع پر جمع ہوئے۔ یہ تقریب، وزارت آیوش کے تحت مورارجی دیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یوگا کے زیر اہتمام، شانتی کانہ سرے، روحی کانتی سرے میں منعقد ہوئی۔کنہا شانتی ونم میں شرکا نے بھجنگ آسنپر فارم کیا، ایک تاریخی ریکارڈ قائم کیا اور ایشیا کے سب سے بڑے مائل اسٹون ایونٹ کے لیے تاریخی ریکارڈ قائم کیا۔ یہ اجتماعی شرکت اور یوگا کے ذریعے مشترکہ فلاح و بہبود کے جذبے کی عکاسی کرتا ہے۔اس پروگرام کو کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر جناب جی کشن ریڈی نے پیش کیا۔ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، شری ریڈی نے کہا، "یوگا نہ صرف ہندوستان کا قدیم ورثہ ہے بلکہ انسانیت کے لیے ایک انمول تحفہ ہے۔آج دنیا بھر کے لیڈر، پیشہ ور افراد اور لوگ یوگا کی مشق کرتے ہیں اور اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔" قوم کی تعمیر میں یوگا کے کردار پر روشنی ڈالتے ہوئے، انہوں نے کہا، 2047 تک ہندوستان کو ایک وکست بھارت بننے کے لیے، ہمیں ایک صحت مند، پرامن، اور نظم وضبط سے بھرپور معاشرے کی تعمیر کرنا ہوگی۔انہوں نے مزید کہا کہ حیدرآباد جو جدت اور ٹکنالوجی کے لیے پہلے سے ہی عالمی سطح پر پہچانا جاتا ہے، یوگا اور مجموعی فلاح و بہبود کے لیے ایک عالمی مرکز کے طور پر ابھرنا چاہیے۔اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، پرتاپراو جادھو، وزیرمملکت) آزادانہ چارج (، آیوش کی وزارت اور صحت اور خاندانی بہبود کے وزیرمملکت نے کہا، "وزیراعظم جناب نریندر مودی کی دوراندیش قیادت میں، یوگا نے مجموعی فلاح و بہبود، جسمانی صحت، ذہنی وضاحت اور جذباتی توازن کو فروغ دینے کے لیے ایک عالمی تحریک میں تبدیل کیا ہے۔

یو پی آئی کے 10 سال مکمل

نئی دہلی۔ 2 مئی(ایم این این) بھارت کا یونائیفائیڈ پیمنٹس انٹرفیس (UPI) اپنے آغاز کے دس سال مکمل کرتے ہوئے دنیا کا سب سے بڑا ریئل ٹائم ڈیجیٹل ادائیگی نظام بن کر ابھرا ہے، جو ملک کی ڈیجیٹل معیشت کا بنیادی ستون بن چکا ہے۔ یہ پلیٹ فارم 11 اپریل 2016 کو نیشنل پیمنٹس کارپوریشن آف انڈیا (NPCI) نے ریزرو بنک آف انڈا کی نگرانی میں متعارف کرایا تھا، جس کا مقصد فوری، محفوظ اور آسان بینک ٹرانزیکشن کو فروغ دینا تھا۔ اعداد و شمار کے مطابق، یو پی آئی نے غیر معمولی ترقی کی ہے۔ابتدائی مہینے میں صرف 373 ٹرانزیکشنز سے شروع ہونے والا یہ نظام اب سالانہ کھربوں ٹرانزیکشنز پراسیس کر رہا ہے، اور مالی سال 26-2025 میں تقریبا 24 ہزار 162 کروڑ ٹرانزیکشنز ریکارڈ کی گئیں۔ ویلیو کے لحاظ سے بھی یو پی آئی نے نمایاں اضافہ دکھایا ہے، جہاں لین دین کی مالیت چند ہزار کروڑ سے بڑھ کر لاکھوں کروڑ روپے تک پہنچ چکی ہے، جو ں بھارت کی ڈیجیٹل معیشت میں اس کے مرکزی کردار کو ظاہر کرتی ہے۔ بین الاقوامی سطح پر بھی اس پلیٹ فارم کو بھرپور پذیرائی ملی ہے۔ انٹرنیشنل مونیٹری فنڈ نے یو پی آئی کو دنیا کا بڑا ریئل ٹائم ادائیگی نظام قرار دیا ہے۔

پلمبر نے دوست کی لاش کو کچن کے پلیٹ فارم کے نیچے چھپا دیا

حیدرآباد۔ 2 مئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی)ایک 47 سالہ پلمبر کو نیرڈمیٹ پولیس نے جمعہ یکم مئی کو اپنے دوست کو قتل کرنے اور اس کی لاش کو اپنے کرائے کے مکان میں کچن کے پلیٹ فارم کے نیچے چھپانے کے الزام میں گرفتار کیا تھا۔قتل کی واردات گزشتہ سال دسمبر میں ہوئی تھی لیکن اپریل میں منظر عام پر آئی جب مالک مکان گھر میں سے بدبو آنے پر گھس گیا اور دیکھا کے لاش تھی اس نے فوری پولیس کو اطلاع کی۔ پولس کے مطابق ملزم گاوالا ملیش کا تعلق ضلع سدی پیٹ سے ہے۔ وہ اپنے خاندان سے علیحدگی کے بعد جے کے کالونی، نیدرمیٹ میں ایک اپارٹمنٹ میں اکیلا رہ رہا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ اس کی مجرمانہ تاریخ ہے اور وہ جیل جا چکا ہے۔ملزم اکثر مزدوری کرتا تھا جہاں اس کی ملاقات متوفی، کانچی وینکٹا رامولو، جو 47 سالہ، اور پیشہ سے ایک مزدور سے ہوئی تھی۔ دونوں قریبی جاننے والے بن گئے اور باقاعدگی سے شراب پیتے تھے۔انہوں نے گزشتہ سال 15 دسمبر کو ایچ بی کالونی میں شراب کی دکان کے قریب اور بعد میں ملزم کی رہائش گاہ پر شراب نوشی کی۔تاہم، رامولو کے مبینہ طور پر ملیش کی ذاتی زندگی کے بارے میں تضحیک آمیز تبصرے کرنے کے بعد دونوں میں لڑائی ہوگئی۔ غصے میں آکر ملیش نے رامولو پر لاٹھی سے حملہ کیا، جس سے سر پر شدید چوٹیں آئیں، جس کی وجہ سے موقع پر ہی موت واقع ہوگئی۔اس کے بعد ملیش نے رامولو کے ہاتھ، ٹانگیں اور گردن کو رسی سے باندھا اور اس کے جسم کو کچن کے پلیٹ فارم کے نیچے چھپا دیا۔اس کے بعد اس نے جگہ کو اینٹوں سے بند کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا۔ پولیس نے بتایا کہ رامولو کا اپنے خاندان سے قریبی رابطہ نہیں تھا، اس لیے اس کی غیر موجودگی کا دھیان نہیں رہا۔ مکان مالک نے اینٹیں ہٹانے کے بعد اس کی بوسیدہ لاش ملی۔ پولیس جمعہ کو جوبلی بس اسٹینڈ سے ملیش کو گرفتار کرنے میں کامیاب رہی۔ بھارتیہ نیا سنہتا (بی این ایس) کی دفعہ (1) 103 (قتل کی سزا) اور 238 اے (ثبوت کے غائب ہونے) کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔

غیر رجسٹرڈ اسکوٹر پر جعلی نمبر پلیٹ استعمال کرنے والے شخص پر مقدمہ درج

حیدرآباد۔ 2 مئی (سفیر نیوزرصدائے حسینی) چنچل گوڑا کے رہنے والے ایک 22 سالہ شخص نے ٹریفک چالان سے بچنے کے لیے اپنی غیر رجسٹرڈ موٹر سائیکل پر جعلی نمبر پلیٹ استعمال کرنے پر سعید آباد پولیس نے مقدمہ درج کیا ہے۔ملزم سید حسین مہدی نے اپنا ہیرو ڈیوسکوٹر 2019 میں خریدا تھا لیکن وہ اسے متعلقہ ریجنل ٹرانسپورٹ آفس میں رجسٹر کرنے میں ناکام رہا۔ پولیس نے بتایا کہ اس کے بجائے، اس نے ٹریفک چالان سے بچنے اور مالیاتی ایجنسیوں سے بچنے کے لیے گاڑی کی جعلی نمبر پلیٹ (TS11EK0593) کا استعمال کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ مہدی نے متعدد ٹریفک خلاف ورزیاں کیں، جس کے نتیجے میں قانونی رجسٹرڈ گاڑی کے مالک، محمد ابراہیم کے خلاف غلط طریقے سے ٹریفک چالان بنائے گئے۔دھوکہ دہی کا پتہ لگانے پر، پولیس نے بھارتیہ نیا سنہتا (بی این ایس) کی دفعہ 318 (4) (دھوکہ دہی) اور موٹر وہیکل ایکٹ کی دفعہ 158/177 کے تحت مقدمہ درج کیا۔ملزم کو بھارتی شہری تحفظ سنہتا (BNSS) کی دفعہ (3) 35 کے تحت نوٹس جاری کیا گیا ہے، اور مزید تفتیش جاری ہے۔حیدرآباد ٹریفک پولیس نے عام لوگوں کو متنبہ کیا ہے کہ جعلی، ایک جیسی یا چھیڑ چھاڑ والی نمبر پلیٹس کا استعمال ایک سنگین اور قابل سزا جرم ہے اور اس طرح کی خلاف ورزیوں سے قانون کے مطابق سختی سے نمٹا جائے گا۔شہریوں سے کہا جاتا ہے کہ وہ گاڑیوں کی رجسٹریشن نمبر پلیٹس کے کسی بھی مشتبہ غلط استعمال کی اطلاع تلنگانہ پولیس کی ویب سائٹ یا ای چالان ٹریفک واٹس ایپ موبائل نمبر 8712661690 کے ذریعے دیں۔



ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر و مالک سید جعفر حسین نے روزنامہ 'صدائے حسینی' کو سری شیشائی انٹر پرائزیز، پلاٹ نمبر 19، آئی ڈی اے بالانگر، آر آر ڈسٹرکٹ، تلنگانہ 037 500 (انڈیا) سے چھپوا کر 18-7-306/146، امان نگر (اے) سے شائع کیا۔ رجسٹرڈ نمبر: RNI No.APURD/2009/30780، پوسٹل رجسٹریشن نمبر HSE/910/213/215۔